

# بچوں کا رمضان

مولانا محمد الیاس گھمن مدظلہ

مرکز اہل السنۃ والجماعۃ، سرگودھا

کتاب..........................................بچوں کا رمضان

تالیف..........................................مولانا محمد الیاس گھمن

ناشر..........................................مرکز اھل السنۃ والجماعۃ، سرگودھا

باہتمام..........................................احناف میڈیا سروسز

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# فہرست

# بچوں سے بات

پیارے بچو!

اللہ تعالیٰ اور ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بچوں سے بہت محبت ہے۔ آپ ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کا سکون ہیں۔ گھر کی رونقیں آپ لوگوں سے ہی ہیں۔

مسلمان بچے ہمیشہ اچھی باتیں سیکھتے اور ان پر عمل کرتے ہیں تاکہ اللہ تعالی کے زیادہ اچھے بندے اور ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادہ پیارے امتی بن جائیں۔

بیس دن کے اس کورس میں ہم اچھی اچھی باتیں سیکھیں گے، مزے مزے کی کہانیاں سنیں گے اور اپنا رمضان شاندار طریقے سے گزاریں گے۔ اس کورس میں سیکھی ہوئی باتیں ان شاء اللہ پوری زندگی ہمارے کام آئیں گی۔

آپ سب نے میرے لیے دعا کرنی ہے اور میرے گھر والوں، میرے اساتذہ اور شاگردوں اور جن لوگوں نے اس کورس کو تیار کرنے میں ساتھ دیا ہے، ان سب کے لیے بھی دعا کرنی ہے۔ اور ہاں! اپنے بابا جان، امی جان اور اساتذہ کے لیے بھی ہر روز دعا کرنی ہے جن کی وجہ سے آپ یہ کورس کر رہے ہیں۔

فی امان اللہ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کے لیے دعا گو

محمد الیاس گھمن




## تعارف

- میرا نام .................................. ہے۔
- میرے بابا جان کا نام .................................. ہے۔
- میری امی جان کا نام .................................. ہے۔
- میری عمر .............. سال ہے۔
- میں ملک .................................. میں رہتا / رہتی ہوں۔
- میں کلاس ...................... میں پڑھتا / پڑھتی ہوں۔

## قرآن کریم

اللہ تعالیٰ کا کلام

## حدیث مبارک

پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں

## حدیث مبارکہ

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ

بے شک سب اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔


## علم میں اضافے کی دعا

رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا

اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرمایئے۔

## کہانی

حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ بتوں کو توڑنے اور پھر آگ والا واقعہ




کسی سے ملتے وقت السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہنا چاہیے

# سبق نمبر 2

## سورۃ الفاتحہ-1

أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ
الدِّيْنِ ۝٣

میں اللہ کے نام سے شروع کرتا / کرتی ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کی پرورش فرمانے والا ہے۔ نہایت مہربان بہت رحم فرمانے والا ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔

## حدیث مبارکہ

اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ

جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔

## اخلاقِ حسنہ

اچھی عادتیں

## اخلاقِ رذیلہ


بری عادتیں

## سرگرمی        Activity

- امی جان کی خدمت
- کچن کے کام میں ہاتھ بٹانا
- ساتھ مل کر صفائی کرنا
- کندھے اور پاؤں دبانا

## کہانی

بیت اللہ کی تعمیر اور حجرِ اسود کی تنصیب بدستِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم




# سبق نمبر 3

## سورۃ الفاتحہ -2

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵

(اے اللہ) ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور ہم آپ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ ہمیں سیدھا راستہ دکھائیے۔




## پہلے عشرے کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ

اے میرے رب! مجھے معاف کر دیجیے اور مجھ پر رحم کیجیے۔

## اچھی عادت

غصے پر قابو اور نرمی سے بات کرنا

## کہانی

حضرت موسیٰ علیہ السلام۔ بچپن میں پانی میں ڈالے جانے کا واقعہ

آپ جانتے ہیں نا!

**ہمیں سب کچھ اللہ تعالیٰ دیتے ہیں**


**کوئی اچھی چیز دیکھیں تو ماشاءاللہ کہیں**

# سبق نمبر 4

## سورۃ الفاتحہ - 3

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۬ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷

ہمیں ان لوگوں کا راستہ دکھائیے جن پر آپ نے انعام فرمایا۔ ان لوگوں کا نہیں جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ ہی گمراہوں کا۔




## روزہ کھولنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

اے اللہ میں نے آپ کے لیے روزہ رکھا اور آپ کے دیے ہوئے رزق سے افطار کر رہا / رہی ہوں۔

## بری عادت

مذاق اڑانا۔ کسی کے حلیے، زبان یا رنگ پر تنقید کرنا۔ نام بگاڑنا

## کہانی

حضرت نوح علیہ السلام۔ طوفان۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو دین سکھانے کے لیے تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی بھیجے

کوئی نعمت ملے تو الحمدللہ کہیں

# سبق نمبر 5

## ٹیسٹ سورۃ الفاتحہ

### حدیث مبارکہ

رِضَا الرَّبِّ فِيْ رِضَا الْوَالِدِ

اللہ تعالیٰ کی رضامندی والد کی رضامندی میں ہے۔

ختم نبوت

ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ

اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں

### سرگرمی Activity

- ابو جان کے ساتھ مل کر ان کی بائک یا گاڑی صاف کرنا
- رات کو ابو جان کے پاؤں اور کندھے دبانا

## کھانا کھانے سے پہلے کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ

اللہ تعالی کے نام اور اس کی برکت سے کھانا شروع کرتا / کرتی ہوں۔

## اچھی عادت

امانت داری

## کہانی

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم - شعب ابی طالب


چُھپ کر کھانے پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے

# سبق نمبر 6

## آیت الکرسی-1

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۥ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ

اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ جو ہمیشہ زندہ ہے۔ جو پوری کائنات کو سنبھالے ہوئے ہے۔ اسے نہ کبھی اونگھ آتی ہے نہ نیند۔ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اسی کا ہے۔




✓ قرآن کریم کی سب سے عظمت والی آیت: آیت الکرسی ہے!

✓ آیت الکرسی پڑھنے والے کے گھر میں شیطان اور چور ڈاکو داخل نہیں ہوسکتے۔

## حدیث مبارکہ

كُلْ بِيَمِينِكَ

اپنے دائیں ہاتھ سے کھائیں۔

## بری عادت

جھوٹ بولنا

## کہانی

آیت الکرسی - حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا شیطان کو پکڑنے کا واقعہ

- جان بوجھ کر کھانے پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے
- بھول کر کچھ کھانے پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا

# سبق نمبر 7

## آیت الکرسی-2


مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡھِمۡ وَ مَا خَلۡفَھُمۡ ۚ وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

کون ہے جو اس کے سامنے اس کی اجازت کے بغیر کسی کی سفارش کر سکے؟ وہ سارے بندوں کے پہلے اور بعد کے حالات کو خوب جانتا ہے اور وہ لوگ اس کے علم کی کوئی بات اپنے علم کے دائرے میں نہیں لاسکتے، سوائے اس بات کے جسے وہ خود چاہے۔

## حدیث مبارکہ

عَلَیۡکُمۡ بِالصِّدۡقِ

ہمیشہ سچ بولو



## سرگرمی Activity

- صدقہ باکس بنائیں اور اس میں صدقہ ڈالیں۔ ہر مہینے کے بعد اس میں سے پیسے نکال کر کسی غریب کی مدد کریں۔
- صدقہ دینے سے مصیبتیں اور پریشانیاں دور ہوتی ہیں۔

## اچھی عادت

عیب چھپانا

## کہانی

مولانا مظفر کاندھلوی—سچ بولنا—ڈاکوؤں والا واقعہ

ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ صاحبہ کا نام حضرت آمنہ اور والد صاحب کا نام حضرت عبداللہ تھا

# سبق نمبر 8

## آیت الکرسی-3

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَ لَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَ هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾

اس کی کرسی نے سارے آسمانوں اور زمین کو گھیرا ہوا ہے اور دونوں کی نگہبانی سے اسے ذرا بھی بوجھ نہیں ہوتا۔ وہ اونچے مقام اور عظمت والا ہے۔

## حدیث مبارکہ

اِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ

جھوٹ سے بچیں۔

**تمام انبیاء کرام علیہم السلام اپنی مبارک قبروں میں زندہ ہوتے ہیں**

## بری عادت

دھوکہ دینا

## کہانی:

جنگِ یرموک - تین صحابہ رضی اللہ عنہم کا وقتِ شہادت پانی کا ایثار۔

راوی: حضرت ابو جہم رضی اللہ عنہ

شہداء: حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ، حضرت ہشام رضی اللہ عنہ، حضرت سہیل رضی اللہ عنہ

مسواک کرنا پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے

مسواک کرنے والے سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتے ہیں

مسواک سے ایک نماز کا ثواب ستر نمازوں کے برابر ملتا ہے

آپ بھی مسواک کیا کریں

# سبق نمبر 9

## ٹیسٹ آیت الکرسی

### حدیث مبارکہ

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِہٖ وَیَدِہٖ

سچا مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

### سرگرمی Activity

- مسلمان کی مدد
- کلاس فیلو کی ہوم ورک میں مدد
- بہن بھائیوں کی مدد

ہمارے پیارے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پیارے ساتھیوں کو صحابہ کرام رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُم کہتے ہیں۔

## اچھی عادت

شکریہ ادا کرنا

## کہانی

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ - ہجرتِ مدینہ کے وقت؛ غارِ ثور میں

### اچھے بچے

- اچھے بچے روزے کے دوران کارٹون نہیں دیکھتے
- اچھے بچے روزے کے دوران بار بار یہ نہیں کہتے کہ مجھے بھوک لگی ہے

# سبق نمبر 10

## درود شریف کی فضیلت

- ✓ اللہ تعالیٰ کی دس رحمتیں
- ✓ دس درجے بلند
- ✓ دس گناہ معاف

## مختصر درود شریف

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## کھانا کھانے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَطْعَمَنَا وَ سَقَانَا وَ جَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ

سب تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمان بنایا۔


صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دین سیکھ کر آگے پہنچایا

## بری عادت

تنگ کرنا۔ ضد کرنا

## کہانی

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ – قبولِ اسلام کا واقعہ، بیت اللہ میں نماز




کسی کام کا ارادہ کریں تو ان شاء اللہ کہیں

# سبق نمبر 11

## سورۃ الفلق - 1

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾

میں اللہ کے نام سے شروع کرتا / کرتی ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

کہہ دیجیے کہ میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں۔ ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ پھیل جائے۔

## بیت الخلاء جانے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَآئِثِ

اے اللہ! میں گندے شیطان جنوں اور جننیوں سے آپ کی پناہ میں آتا / آتی ہوں۔

جھوٹ بولنے سے روزے کا ثواب کم رہ جاتا ہے

## اچھی عادت

وعدہ پورا کرنا

## کہانی

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ-پانی کا کنواں خرید کر وقف فرمایا

- ہمارے پیارے نبی ﷺ نے کبھی اپنی سالگرہ نہیں منائی
- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی کبھی پیارے نبی ﷺ سالگرہ نہیں منائی

# سبق نمبر 12

## سورۃ الفلق -2


وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

اور ان [جادو گرنیوں] کے شر سے جو گرہوں میں پھونک مارتی ہیں۔ اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

## بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَذۡھَبَ عَنِّی الۡاَذٰی وَعَافَانِیۡ

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے گندی اور تکلیف دینے والی چیز کو مجھ سے دور کر دیا اور مجھے عافیت دی۔ [تکلیف اور بیماری سے بچا لیا]۔




## بری عادت

سب کے سامنے ناک یا کان صاف کرنا

## کہانی

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ۔فتحِ خیبر، مرحب سے مقابلہ



# سبق نمبر 13

## ٹیسٹ سورۃ الفلق

### دوسرے عشرے کی دعا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ

میں اپنے رب؛ اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتا / مانگتی ہوں۔

### بلندی پر چڑھتے وقت

اَللّٰہُ اَکْبَرُ

### نیچے اترتے وقت

سُبْحَانَ اللّٰہِ

### سرگرمی Activity

- امی ابو کے ساتھ مل کر گھر کی سیڑھیوں کے قریب ان دعاؤں کے چارٹ بنا کر لگائیں۔

### اچھی عادت

معاف کرنا

## کہانی

بوڑھے کو صحیح وضو کا طریقہ - حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ

ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں کو ازواجِ مطہرات کہتے ہیں۔

ازواجِ مطہرات ہماری مائیں ہیں۔ ان کا نام ایسے لینا چاہیے:

حضرت امی خدیجہ رضی اللہ عنہا

حضرت امی عائشہ رضی اللہ عنہا

# سبق نمبر 14

## سورۃ الناس-1

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ۙ﴿۲﴾ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ﴿۳﴾ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ﴿۴﴾

میں اللہ کے نام سے شروع کرتا / کرتی ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

کہہ دیجیے کہ میں پناہ لیتا ہوں سب لوگوں کے پروردگار کی۔ سب لوگوں کے بادشاہ کی۔ سب لوگوں کے معبود کی۔ اس وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے جو پیچھے کو چھپ جاتا ہے۔

## حدیث مبارکہ

اَلۡمَجَالِسُ بِالۡاَمَانَۃِ

مجلس کی بات امانت ہوتی ہے۔

**اچھے بچے گھر کی باتیں باہر نہیں بتاتے**

## بری عادت

بڑوں کا کہنا نہ ماننا

## کہانی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ - جن سے مقابلہ - آیت الکرسی

### اہلِ بیت

پیارے نبی ﷺ کی بیویوں، بیٹیوں، دامادوں اور بیٹوں کو اہلِ بیت [گھر والے] کہتے ہیں۔

## سبق نمبر 15


### سورۃ الناس-2

الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ﴿۵﴾ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ٪﴿۶﴾

جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے ہو۔

### اچھی عادت

گھر اور کمرے میں اجازت لے کر داخل ہونا



## کہانی

- امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ- مقروض کے رستہ بدلنے پر قرض معاف کر دیا
- مور کی چوری پکڑ لی



# سبق نمبر 16

## ٹیسٹ سورۃ الناس

### حدیث مبارکہ

لَا یَدۡخُلُ الۡجَنَّۃَ قَاطِعٌ

رشتے داری کو توڑنے والا جنت میں نہیں جائے گا۔

### سرگرمی Activity

- اگر کسی بہن بھائی، کزن یا دوست سے لڑائی کی تھی یا اس کا دل دکھایا تھا تو اس سے سوری کریں۔


علماء کرام؛ ہمارے پیارے نبی ﷺ کے لائے ہوئے دین کی حفاظت کرتے ہیں اور دین کا علم سیکھتے سکھاتے ہیں، اس لیے ہم ان کی عزت کرتے ہیں۔

## بری عادت

چھوٹوں پر ہاتھ اٹھانا

## کہانی

حضرت سلیمان علیہ السلام - چیونٹی والا واقعہ




# سبق نمبر 17

## درود شریف۔ درود ابراہیمی-1

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی إِبْرَاھِیمَ وَعَلٰی آلِ إِبْرَاھِیمَ إِنَّكَ حَمِیدٌ مَجِیدٌ.

## سرگرمی Activity

- ہمسایوں کے گھر افطار کے وقت کچھ دے کر آئیں



## کہانی

کاتبِ وحی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ - پیارے نبی ﷺ کے لیے وضو کا پانی لے کر گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم حکمران بنو تو نیک لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔

## اچھی عادت

مہمان نوازی کرنا

**مہمان کی خدمت کرنا سنت ہے**

چاچو، پھوپھو، ماموں یا خالہ جب گھر آئیں تو ان کو سلام کریں، ان کی خدمت کریں، تھوڑی دیر ان کے پاس بیٹھیں اور ان سے دعائیں لیں۔

# سبق نمبر 18

## درود شریف۔ درود ابراہیمی -2

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ.



## بری عادت

بغیر اجازت دوسروں کی چیز استعمال کرنا

## کہانی

غزوہ بدر- حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اور حضرت معوذ رضی اللہ عنہ

جو بچے اپنے دادا، دادی اور نانا، نانی کی خدمت کرتے ہیں؛ اللہ تعالیٰ ان سے بہت خوش ہوتے ہیں۔
آپ بھی اللہ تعالیٰ کو خوش کریں۔ اپنے بزرگوں کی خدمت کریں، ان کے پاؤں دبائیں اور ان کی دعائیں لیں۔

# سبق نمبر 19

## تیسرے عشرے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ

اے اللہ مجھے جہنم کی آگ سے بچایئے۔

## حدیث مبارکہ

اَلطَّھُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ

صفائی ایمان کا حصہ ہے۔

## سرگرمی Activity

- صفائی ستھرائی۔ اپنا کمرہ اور الماری سیٹ کریں۔
- ہر روز برش یا مسواک کریں۔
- جمعے کے دن ناخن کاٹا کریں۔


**چھینک آئے تو الحمد للہ کہیں**

## اچھی عادت

کسی کی نیکی کا اچھا بدلہ دینا

## کہانی

نوشیرواں کے کنگن - حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ - سفر ہجرت میں




✓ بڑے بھائی اور بہنیں؛ ماں باپ کی طرح ہوتے ہیں۔ ان کا ادب اور احترام کرنا چاہیے۔

# سبق نمبر 20

## لیلۃ القدر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّی

اے اللہ ! آپ معاف کرنے والے ہیں اور معاف کرنے کو پسند کرتے ہیں مجھے بھی معاف کر دیجیے۔

## سرگرمی Activity

- گھر میں جگہ ہو تو پھل دار پودا لگائیں
- گملے میں کسی پھول کا پودا لگائیں۔

آپ نے اس رمضان میں کتنے روزے رکھے ؟

؟؟؟

## بری عادت

کھانے میں عیب نکالنا

## کہانی

اندھی بڑھیا کے گھر کا کام۔حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

آپ نے اس کلاس سے کیا سیکھا اور آپ کو کتنا مزہ آیا؟

اپنے بابا، ماما کے موبائل سے ہمیں اپنی آواز میں میسج کریں

## ماہانہ نماز رپورٹ:

جو نماز پڑھ لیں اس کے سامنے ✓ کا نشان لگائیں

| دن | فجر | ظہر | عصر | مغرب | عشاء |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |
| 11 | | | | | |
| 12 | | | | | |
| 13 | | | | | |
| 14 | | | | | |
| 15 | | | | | |

| دن | فجر | ظہر | عصر | مغرب | عشاء |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | | | | | |
| 17 | | | | | |
| 18 | | | | | |
| 19 | | | | | |
| 20 | | | | | |
| 21 | | | | | |
| 22 | | | | | |
| 23 | | | | | |
| 24 | | | | | |
| 25 | | | | | |
| 26 | | | | | |
| 27 | | | | | |
| 28 | | | | | |
| 29 | | | | | |
| 30 | | | | | |

## روزانہ کرنے کے کام:

ہر دن نیکی کا جو کام کریں اس کے آگے ✓ کا نشان لگائیں

| دن | صدقہ | مسواک | دعا | تلاوت | خدمت | سبق |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | | |
| 2 | | | | | | |
| 3 | | | | | | |
| 4 | | | | | | |
| 5 | | | | | | |
| 6 | | | | | | |
| 7 | | | | | | |
| 8 | | | | | | |
| 9 | | | | | | |
| 10 | | | | | | |
| 11 | | | | | | |
| 12 | | | | | | |
| 13 | | | | | | |
| 14 | | | | | | |
| 15 | | | | | | |

| دن | صدقہ | مسواک | دعا | تلاوت | خدمت | سبق |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | | | | | | |
| 17 | | | | | | |
| 18 | | | | | | |
| 19 | | | | | | |
| 20 | | | | | | |
| 21 | | | | | | |
| 22 | | | | | | |
| 23 | | | | | | |
| 24 | | | | | | |
| 25 | | | | | | |
| 26 | | | | | | |
| 27 | | | | | | |
| 28 | | | | | | |
| 29 | | | | | | |
| 30 | | | | | | |